2010 کی مردم شماری کے شرکاء

United States
Census
2010
مردم شماری، امریکہ

یہ ہمارے اختیار میں ہے۔

ریاستہائے امریکہ کا محکمہ مردم شماری ہمارے ملک کے ہر باشندے کو ایک صدائے عمل دے رہا ہے کہ:

# "2010 میں اپنا شمار کروائیں۔"

## مردم شماری: ایک جھلک

- **کیا:** مردم شماری ریاستہائے متحدہ میں رہنے والے ہر ایک شخص کا شمار ہے۔
- **کون:** ریاستہائے متحدہ کے تمام مکینوں کا شمار لازماً ہونا چاہئے۔ تمام نسلوں اور نسلی گروپوں کے لوگ، شہری اور غیر شہری دونوں۔
- **کب:** مردم شماری کا دن 1 اپریل، 2010 ہے۔ سوالناموں کے جوابوں میں گھرانے کی نمائندگی اس دن کے مطابق ہونی چاہئے۔ زیادہ تفصیلی سماجی و اقتصادی معلومات امریکن کمیونٹی سروے کے ذریعے آبادی کی ایک قلیل فیصد سے حاصل کی جائے گی۔
- **کیوں:** ریاستہائے متحدہ کے آئین کا مطالبہ ہے کہ قومی مردم شماری ہر دس سال میں ایک مرتبہ انجام دی جائے۔ یہ مردم شماری ریاستوں کی آبادی کی شماریات دکھائے گی اور ایوان نمائندگان میں ان کی نمائندگی کا تعین کرے گی۔
- **کیسے:** مردم شماری کے سوالنامے مارچ 2010 میں گھرانوں کو دیئے جائیں گے یا بذریعہ امریکی ڈاک ارسال کئے جائیں گے؛ کئی گھرانوں کو اپریل کے اوائل میں ایک متبادل سوال نامہ موصول ہوگا۔ مردم شماری کے کارکن ان گھرانوں کا دورہ بھی کریں گے جو سوالنامے واپس نہیں کریں گے۔

## ایک مکمل مردم شماری: مردم شماری کے ڈیٹا کی اہمیت

- ہر سال، وفاقی حکومت ریاستوں اور کمیونٹیوں کے لئے $400 بلین ڈ سے زائد رقم مختص کر سکتی ہے جو، جزوی طور پر، مردم شماری کے ڈیٹا پر مبنی ہوتی ہے۔
- مردم شماری مقامی فیصلہ سازوں کی رہنمائی کرتی ہے کہ نئی سڑکیں، اسپتال، نگہداشت اطفال اور بزرگ شہریوں کے مراکز، اسکول اور بہت کچھ کہاں پر بنانا ہے۔
- تجارتی ادارے مردم شماری کے ڈیٹا کو سپر مارکیٹوں، نئی رہائشوں اور دیگر سہولتوں کو قائم کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔
- مردم شماری کے ڈیٹا سے طے کیا جاتا ہے کہ ریاستہائے متحدہ ایوان نمائندگان میں ہر ریاست کی کتنی نشستیں ہوں گی۔

## 2010 مردم شماری کا سوال نامہ: تیز، آسان اور رازدارانہ

- صرف 10 سوالات پر مشتمل، 2010 کی مردم شماری کا سوال نامہ تاریخ میں مختصر ترین سوالناموں میں سے ایک ہے اور اسے مکمل کرنے میں صرف 10 منٹ لگتے ہیں۔
- قانون کے مطابق، مردم شماری کا محکمہ کسی فرد کے سوالنامے کے جوابات میں کسی کو شریک نہیں کر سکتا، بشمول دیگر وفاقی ایجنسیوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے۔

## 2010 کی مردم شماری اہم ہے۔

یہ کمیونٹی کی انتہائی اہم خدمات کے لئے حکومت کی $400 بلین سے زائد خرچے کی سالانہ تقسیم کا تعین کرتی ہے۔ یہ ملک بھر میں ہزاروں ملازمتیں پیدا کرتی ہے۔ اور یہ کانگرس میں آپ کی آواز کا اثر پیدا کرتی ہے۔

## آپ فرق پیدا کر سکتے ہیں۔

کسی کمیونٹی، تجارتی ادارے یا تنظیم کے ایک با رسوخ رہنما کے طور پر، آپ اس تاریخی موقعے کے بارے میں بیداری پیدا کر سکتے ہیں اور اس میں شرکت کی حوصلہ افزائی کر سکتے ہیں۔ آپ کی مدد سے، محکمہ مردم شماری درست ڈیٹا تیار کرتا رہے گا جو آپ کی کمیونٹی کے معیار زندگی پر براہ راست اثر ڈالے گا۔

2010 CENSUS
یہ ہمارے اختیار میں ہے

2010 کی مردم شماری کے شرکاء

United States Census 2010

مردم شماری، امریکہ

یہ ہمارے اختیار میں ہے-

# 2010 مردم شماری: شراکت ایک نظر میں

## 2010 مردم شماری کے ایک شریک بنیں

**آپ کی شراکت مردم شماری کی اہمیت اور شمار کئے جانے کے فوائد کے بارے میں آپ کی کمیونٹی کو ایک مؤثر پیغام بھیجتی ہے-** محکمہ مردم شماری کے ساتھ شرکت کرکے، آپ ان طریقوں سے مدد کر سکتے ہیں:

- مردم شماری کے درست ڈیٹا کو یقینی بنانا، جو آپ کی کمیونٹی کے فنڈنگ کے فیصلوں کی رہنمائی کرتا ہے اور کانگریس میں آپ کی نمائندگی پر اثر ڈالتا ہے-
- اپنی کمیونٹی میں مردم شماری کی عارضی ملازمتوں کے بارے میں خبر کو پھیلانا-
- لوگوں کو یقین دلانا کہ مردم شماری کاجواب دینا - اہم اور - محفوظ ہے-

## اپنی کمیونٹی اور ملک کے لئے کام کریں

ایک شرکت کنندہ کے طور پر، آپ گنتی میں حصہ لینے کے لئے اپنی کمیونٹی میں لوگوں کی حوصلہ افزائی کر کے 2010 کی مردم شماری کو کامیاب بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں- آپ مندرجہ ذیل کام کر سکتے ہیں:

- ایک کمیٹی برائے مکمل گنتی (CCC)، میں اپنے احباب کی شرکت کی حوصلہ افزائی کریں، جو آپ کے قریبی علاقے کے ان مؤثر رہنماؤں کا ایک منظم گروپ ہو، جو مردم شماری میں شرکت کو بڑھانے کے پابند ہوں-
- 2010 کی مردم شماری کی تائید میں ایک اعلان یا کوئی دوسری عوامی اطلاع جاری کریں-
- مردم شماری کی معلومات کو خبر ناموں، ڈاک کی اطلاعات میں اور آن لائن شامل کریں-
- مردم شماری میں شرکت کی حوصلہ افزائی کے لئے اجلاس یا دیگر تقریبات منعقد کریں-
- مردم شماری کے کارکنوں کی بھرتی میں مدد کریں-
- مردم شماری کی گنتی کے مقامات اور سوالناموں میں اعانت کے مراکز یا مردم شماری کے ملازمین کی تربیت اور تعلیم کے لئے جگہ مہیا کریں-

## 2010 کی مردم شماری کے متعینہ اوقات: اہم تاری

| | |
|---|---|
| **خزاں 2008** | مردم شماری کے ابتدائی کاموں کے لئے مردم شماری کے مقامی نمائندوں کی بھرتی کا آغاز- |
| **بہار 2009** | پتوں کی قومی سطح کی فہرست کی تجدید کے لئے مردم شماری کے نمائندے گھر گھر جاتے ہیں- |
| **خزاں 2009** | کام کا بوجھ بہت بڑھ جانے پر معاونت کے لئے مردم شماری کے نمائندوں کی بھرتی کا آغاز ہوتا ہے- |
| **فروری – مارچ 2010** | مردم شماری کے سوالنامے گھرانوں کو دیئے جاتے ہیں یا بذریعہ ڈاک ارسال کئے جاتے ہیں- |
| **یکم اپریل، 2010** | مردم شماری کادن |
| **مئی – جولائی 2010** | مردم شماری کےنمائندے ان گھرانوں میں جاتے ہیں جنہوں نے سوالنامے کو بذریعہ ڈاک واپس نہیں کیا- |
| **دسمبر 2010** | قانون کے تحت، محکمہ مردم شماری آبادی کے شمار کو تقسیم کے عمل کے لئے صدر کی خدمت میں پیش کرتا ہے- |
| **مارچ 2011** | قانون کے تحت، محکمہ مردم شماری ضلعوں کی دوبارہ تشکیل کے ڈیٹا کو ریاستوں کے سپرد کرنےکا کام مکمل کرتا ہے- |

ایک مکمل اور درست شمار

**ہمارے اختیار میں ہے-**

**2010 کی مردم شماری کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، 2010census.gov پر جائیں-**

2010 CENSUS

یہ ہمارے اختیار میں ہے

U.S. Department of Commerce
Economics and Statistics Administration
U.S. CENSUS BUREAU

Issued August 2009
Form D-3234 (UR)